روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 18راگست 2006ء 22رجب 1427ہجری 18ظہور 1385ہش جلد 56-91 نمبر 184

میں پناہ مانگتا ہوں

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے۔

اے اللہ میں ان کاموں کے شر سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں جو میں نے کئے اور ان کاموں کے شر سے بھی جو میں نے نہیں کئے۔

(صحیح مسلم کتاب الذکرباب التعوذ من شرما عمل حدیث نمبر:481)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہمارا قدیم کا تجربہ ہمیں یقینی طور پر سکھلاتا ہے کہ ہماری روح بغیر تعلق جسم کے بالکل نکمی ہے۔سو یہ بات بالکل باطل ہے کہ ہم ایسا خیال کریں کہ کسی وقت میں ہماری مجرد روح جس کے ساتھ جسم نہیں ہے کسی خوشحالی کو پاسکتی ہے۔اگر ہم قصہ کے طور پر اس کو قبول کریں تو کریں لیکن معقولی طور پر اس کے ساتھ کوئی دلیل نہیں۔ہم بالکل نہیں سمجھ سکتے کہ وہ ہماری روح جو جسم کے ادنیٰ ادنیٰ خلل کے وقت بیکار ہو کر بیٹھ جاتی ہے وہ اس روز کیونکر کامل حالت پر رہے گی جبکہ بالکل جسم کے تعلقات سے محروم کی جائے گی۔کیا ہر روز ہمیں تجربہ نہیں سمجھاتا کہ روح کی صحت کے لئے جسم کی صحت ضروری ہے۔جب ایک شخص ہم میں سے پیر فرتوت ہو جاتا ہے۔تو ساتھ ہی اس کی روح بھی بوڑھی ہو جاتی ہے۔اس کا تمام علمی سرمایہ بڑھاپے کا چور چُرا کر لے جاتا ہے۔جیسا کہ اللہ جلشانہ فرماتا ہے:۔..........

یعنی انسان بڈھا ہو کر ایسی حالت تک پہنچ جاتا ہے کہ پڑھ پڑھا کر جاہل بن جاتا ہے پس ہمارا یہ مشاہدہ اس بات پر کافی دلیل ہے کہ روح بغیر جسم کے کچھ چیز نہیں۔پھر یہ خیال بھی انسان کو حقیقی سچائی کی طرف توجہ دلاتا ہے کہ اگر روح بغیر جسم کے کچھ ہوتی تو خدا تعالیٰ کا یہ کام لغو ٹھہرتا کہ اس کو خواہ نخواہ جسم فانی سے پیوند دے دیتا۔اور پھر یہ بھی سوچنے کے لائق ہے کہ خدا تعالیٰ نے انسان کو غیر متناہی ترقیات کے لئے پیدا کیا ہے۔پس جس حالت میں انسان اس مختصر زندگی کی ترقیات کو بغیر رفاقت جسم کے حاصل نہیں کر سکتا تو کیونکر امید رکھیں کہ ان نامتناہی ترقیات کو جو ناپیدا کنار ہیں۔بغیر رفاقت جسم کے خود بخود حاصل کر لے گا۔

سو ان تمام دلائل سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ روح کے افعال کاملہ صادر ہونے کے لئے..........اصول کے رو سے جسم کی رفاقت روح کے ساتھ دائمی ہے۔گو موت کے بعد یہ فانی جسم روح سے الگ ہو جاتا ہے مگر عالم برزخ میں مستعار طور پر ہر ایک روح کو کسی قدر اپنے اعمال کا مزہ چکھنے کے لئے جسم ملتا ہے۔وہ جسم اس جسم کی قسم میں سے نہیں ہوتا بلکہ ایک نور سے یا ایک تاریکی سے جیسا کہ اعمال کی صورت ہو جسم تیار ہوتا ہے۔گویا کہ اس عالم میں انسان کی عملی حالتیں جسم کا کام دیتی ہیں۔ایسا ہی خدا کے کلام میں بار بار ذکر آیا ہے۔اور بعض جسم نورانی اور بعض ظلمانی قرار دیئے ہیں جو اعمال کی روشنی یا اعمال کی ظلمت سے تیار ہوتے ہیں۔اگرچہ یہ راز ایک نہایت دقیق راز ہے مگر غیر معقول نہیں۔انسان کامل اسی زندگی میں ایک نورانی وجود اس کیفیت جسم کے علاوہ پاسکتا ہے۔اور عالم مکاشفات میں اس کی بہت سی مثالیں ہیں۔اگرچہ ایسے شخص کو سمجھانا مشکل ہوتا ہے جو صرف ایک موٹی عقل کی حد تک ٹھہرا ہوا ہے۔لیکن جن کو عالم مکاشفات سے کچھ حصہ ہے وہ اس قسم کے جسم کو جو اعمال سے تیار ہوتا ہے۔تعجب اور استبعاد کی نگاہ سے نہیں دیکھیں گے بلکہ اس مضمون سے لذت اٹھائیں گے۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10ص 404)

اگر ایک آدمی باخدا اور سچا متقی ہو تو اس کی سات پشت تک بھی خدا رحمت اور برکت کا ہاتھ رکھتا ہے اور ان کی خود حفاظت فرماتا ہے (حضرت مسیح موعود)

خلافت جوبلی دعائیہ پروگرام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے صد سالہ خلافت جوبلی کی کامیابی کیلئے احباب جماعت کو نوافل روزوں اور دعاؤں کا پروگرام دیا ہوا ہے۔احباب سے گزارش ہے کہ اس پروگرام کو پابندی سے جاری رکھیں اور ایک دوسرے کو بھی تلقین کرتے رہیں۔اللہ تعالیٰ خلافت کے بابرکت سایہ کو ہمیشہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔آمین

نصرت جہاں اکیڈمی انگلش میڈیم

بوائز (میٹرک کا نتیجہ)

امسال نصرت جہاں اکیڈمی انگلش میڈیم بوائز ربوہ کے کل 37 طلباء نے فیصل آباد بورڈ کے میٹرک کے امتحان میں شمولیت کی خدا تعالیٰ کے فضل سے تمام کامیاب طلباء فرسٹ ڈویژن میں پاس ہوئے جن میں سے 10 طلباء +A گریڈ، 21 طلباء A گریڈ اور 4 طلباء B گریڈ میں کامیاب ہوئے۔جبکہ 2 طلباء کی کمپارٹ آئی۔ایک طالب علم بوجہ بیماری پیپر نہ دے سکے جس میں کمپارٹ ہے۔اس طرح سے انگلش میڈیم بوائز کا نتیجہ 94.6% رہا۔فیصل آباد بورڈ کا نتیجہ 70.09% رہا۔عزیزم سید شہر یار احمد شاہ ولد مکرم سید نور المبین شاہ صاحب نے 932 نمبر حاصل کر کے اول پوزیشن حاصل کی، عزیزم ہشام احمد فرحان ولد مکرم مبشر احمد خالد صاحب نے 925 نمبر حاصل کر کے دوئم پوزیشن حاصل کی اور عزیزم رضا المحسن ولد تنویر احمد مہار صاحب نے 915 نمبر حاصل کر کے سوئم پوزیشن حاصل کی۔احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ طلباء اور ادارہ کی کامیابی کو ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔آمین

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی انگلش میڈیم بوائز ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 396)

تاریخی روایات میں تفقہ اور عقل و فہم کی ضرورت

سیدنا حضرت مصلح موعود نے 26 فروری 1919ء کو مارٹن ہسٹاریکل سوسائٹی اسلامیہ کالج لاہور کے اجلاس عام میں اپنے فاضلانہ اور محققانہ خطاب کے آغاز میں فرمایا

’’اقوام کی ترقی میں تاریخ سے آگاہ ہونا ایک بہت بڑا محرک ہوتا ہے اور کوئی ایسی قوم جو اپنی گزشتہ تاریخی روایات سے واقف نہ ہو کبھی ترقی کی طرف قدم نہیں مار سکتی اپنے آباء واجداد کے حالات کی واقفیت بہت سے اعلیٰ مقاصد کی طرف رہنمائی کرتی ہے‘‘۔

(اسلام میں اختلافات کا آغاز صفحہ 1)

اس حقیقت کے پیش حضور انور نے آج سے ستر برس پیشتر عالمی جماعت احمدیہ کے نام تاکیدی فرمان جاری فرمایا کہ انہیں تاریخی روایات کے بارے میں غایت درجہ احتیاط سے کام لینے چاہئے اور ان کی اشاعت سے قبل ان کا تفقہ اور عقل و فہم سے ضرور تنقیدی جائزہ لے لینا چاہئے ورنہ تاریخ کی حقیقی شکل کے مسخ ہونے کا خطرہ ہے۔ آپ نے فرمایا

حضرت مسیح موعود کے متعلق روایتیں چھپنی شروع ہوئی ہیں جن میں سے کئی ایسے لوگوں کی طرف سے بیان کی جاتی ہیں جنہیں تفقہ حاصل نہیں ہوتا اور اس وجہ سے ایسی روایتیں چھپ جاتی ہیں۔ جن پر لوگ ہمارے سامنے اعتراض کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ چنانچہ ایک دفعہ روایت چھپ گئی تھی کہ حضرت مسیح موعود نے جب آتھم کی میعاد میں سے صرف ایک دن باقی رہ گیا تو بعض لوگوں سے کہا کہ وہ اتنے چنوں پر اتنی بار فلاں سورۃ کا وظیفہ پڑھ کر آپ کے پاس لائیں۔ جب وہ وظیفہ پڑھ کر چنے آپ کے پاس لائے تو انہیں قادیان سے باہر لے گئے اور ایک غیر آباد کنویں میں پھینک کر جلدی سے منہ پھیر کر واپس لوٹ آئے۔ میرے سامنے جب اس کے متعلق اعتراض پیش ہوا تو میں نے روایت درج کرنے والوں سے پوچھا کہ یہ روایت آپ نے کیوں درج کر دی۔ یہ تو حضرت مسیح موعود کے صریح عمل کے خلاف ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ حضرت مسیح موعود بھی نعوذ باللہ ٹونے وغیرہ کیا کرتے تھے۔ اس پر جب تحقیقات کی گئی تو معلوم ہوا کہ کسی شخص نے ایسا خواب دیکھا تھا۔ حضرت مسیح موعود کے سامنے جب اس خواب کا ذکر ہوا تو آپ نے فرمایا اسے ظاہری شکل میں ہی پورا کر دو اب خواب کو پورا کرنے کے لئے ایک کام کرنا بالکل اور بات ہے اور ارادۃً ایسا فعل کرنا اور بات۔ اور ظاہر میں خواب کو بعض دفعہ اس لئے پورا کر دیا جاتا ہے کہ تا اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو اس کا مضر پہلو اپنے حقیقی معنوں میں ظاہر نہ ہو۔ چنانچہ معبرین نے لکھا ہے کہ اگر منذر خواب کو ظاہری طور پر پورا کر دیا جائے تو وہ وقوع میں نہیں آتی اور خدا تعالیٰ اس کے ظاہر میں پورے ہو جانے کو ہی کافی سمجھ لیتا ہے۔ اس کی مثال بھی ہمیں احادیث سے نظر آتی ہے۔ چنانچہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ سراقہ بن مالک کے ہاتھوں میں کسریٰ کے سونے کے کنگن ہیں۔ اس رویا میں اگر ایک طرف اس امر کی طرف اشارہ تھا کہ ایران فتح ہوگا تو دوسری طرف یہ بھی اشارہ تھا کہ ایران کی فتح کے بعد ایرانیوں کی طرف سے بعض مصائب و مشکلات کا آنا بھی مقدر ہے کیونکہ خواب میں اگر سونا دیکھا جائے تو اس کے معنی غم اور مصیبت کے ہوتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے رؤیا کے اس مفہوم کو سمجھا اور سراقہ کو بلا کر کہا کہ پہن کڑے، ورنہ میں تجھے کوڑے ماروں گا۔ چنانچہ اسے سونے کے کڑے پہنائے گئے اور اس طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس رؤیا کے غم اور فکر کے پہلو کو دور کرنا چاہا۔ مگر ظاہری صورت میں خواب کو پورا کر دینے کے باوجود پھر بھی خواب کا کچھ حصہ حقیقی معنوں میں پورا ہو گیا۔ کیونکہ حضرت عمر کو شہید کرنے والا ایک ایرانی ہی تھا۔ ………مگر یہ بات تب کھلی جب میں نے دریافت کیا کہ ایسی روایت کیوں درج کر دی گئی ہے۔

غرض عقل اور فہم کی زیادتی اخلاص کے ساتھ نہایت ہی ضروری ہوتی ہے ورنہ بڑی بڑی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ ایک دفعہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس شکایت آئی کہ کچھ عورتیں اپنے مردے پر نوحہ کر رہی ہیں۔ آپ نے فرمایا انہیں منع کرو۔ مگر جب منع کرنے کے باوجود وہ نہ رکیں۔ اور دوبارہ آپ کے پاس شکایت کی گئی۔ تو آپ نے فرمایا کہ ان کے منہ میں مٹی ڈالو۔ (بخاری کتاب الجنائز) یہ تو عربی زبان کا ایک محاورہ ہے جس کا مطلب یہ ہوتا کہ انہیں ان کے حال پر چھوڑ دو۔ ہمارے ملک میں بھی کہہ دیتے ہیں کھیہ کھاوے۔ اس کا یہ مطلب تو نہیں ہوتا کہ وہ مٹی کھاوے۔ بلکہ مطلب یہ ہوتا ہے کہ اگر نہیں مانتا تو نہ مانے۔ غرض عربی زبان کا یہ محاورہ ہے کہ جب کسی کے متعلق یہ کہنا ہو کہ اسے اس کے حال پر چھوڑ دو تو کہتے ہیں کہ اس کے منہ میں مٹی ڈالو۔ مگر سننے والوں نے یوں فرمانبرداری کرنی شروع کی کہ مٹی کے بورے بھر لئے اور ان عورتوں کے مونہوں پر مٹی پھینکنی شروع کر دی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو معلوم ہوا تو آپ سخت ناراض ہوئیں اور فرمایا ایک تو ان کے گھر میں ماتم ہو گیا ہے اور دوسرا تم ان پر مٹی ڈالتے ہو۔ رسول اللہ کا یہ منشاء تو نہ تھا جو تم سمجھے صرف عربی کتابیں رٹوانے سے کیا بن جاتا ہے جب تک فہم و فراست نہ پیدا کی جائے، وسعت حوصلہ نہ پیدا کی جائے کہ انہوں نے دنیا کو فتح کرنا ہے۔‘‘

پھر فرمایا

’’ہمارے طالب علم ایک زندہ دل اور امنگوں سے بھرا ہوا دل لے کر نکلیں گے اور ہر تغیر جو دنیا میں پیدا ہوگا انہیں قربانی پر آمادہ کر دے گا اور ہر تغیر ان کے دل میں ایسی گدگدی پیدا کر دے گا کہ **وہ خدا کے دین کی آواز پر لبیک کہے بغیر نہیں رہ سکیں گے**‘‘۔

(انوار العلوم جلد 16 صفحہ 42-43)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

۞ مکرم طاہر احمد سیفی صاحب مربی سلسلہ سرگودھا شہر تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے خاکسار کو مورخہ 3۔ اگست 2006ء کو پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے نومولود وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے حضور انور نے ازراہ شفقت بچے کا نام عاشر احمد عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم محمد علی صاحب ابن مکرم ولی محمد صاحب 275ر۔ب کرتار پور ضلع فیصل آباد کا پوتا' اور مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب ابن مکرم چوہدری محمد اسماعیل صاحب 275ر۔ب کرتار پور ضلع فیصل آباد کا نواسہ ہے احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک، صالح، خادم دین اور درخشاں مستقبل کا وارث بنائے۔ آمین

شکریہ احباب

۞ مکرم نصیر احمد قریشی صاحب طاہر سٹریٹ، مسلم آباد مردان تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی والدہ محترمہ بشریٰ بیگم صاحبہ 31 جولائی 2006ء کو راولپنڈی جنرل ہسپتال میں دو روز کومہ کی حالت میں رہتے ہوئے وفات پا گئیں۔ مرحومہ موصیہ تھیں۔ لہٰذا نماز جنازہ یکم اگست کو احاطہ صدر انجمن میں محترم حنیف احمد محمود صاحب نائب ناظر اصلاح وارشاد نے پڑھائی اور تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ میں کی گئی مرحومہ مسعود احمد اعوان صاحب آف اسلام آباد کی ساس تھیں۔ ان کی وفات پر بعض رشتہ دار اور احباب دور دور سے تعزیت کیلئے آئے اور کئی احباب نے فون کے ذریعہ بھی اہل خانہ سے تعزیت کی اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر عطا کرے اور مرحومہ کے درجات بلند فرمائے۔ آمین

تبدیلی شرط و تاریخ داخلہ جامعہ احمدیہ ربوہ

1۔ جامعہ احمدیہ ربوہ میں داخلہ کیلئے **کم از کم معیار میٹرک** پاس مقرر ہے۔

2۔ انٹرویو مورخہ 2 ستمبر 2006ء کو بوقت صبح 7 بجے دفتر وکالت دیوان تحریک جدید ربوہ میں ہوگا۔

نوٹ: انٹرویو کے وقت میٹرک/ایف اے/ایف ایس سی کی اصل سند/رزلٹ کارڈ اور فوٹو کاپی ساتھ لائیں مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل فون نمبرز پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

فون: 047-6213563 فیکس: 047-6212296

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

اعلان دارالقضاء

(مکرم جاوید اقبال صاحب بابت ترکہ مکرمہ عائشہ بی بی صاحبہ)

۞ مکرم جاوید اقبال صاحب نے درخواست دی ہے کہ میری والدہ محترمہ عائشہ بی بی زوجہ رشید احمد صاحب چک نمبر 296 ج۔ب جنا پور تحصیل گوجرہ ضلع ٹوبہ بقضائے الٰہی وفات پا گئی ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 62/21 برقبہ دس مرلہ واقع دارالنصر شرقی ربوہ مشترکہ طور پر الاٹ شدہ ہے اس قطعہ میں سے ان کے نام الاٹ شدہ حصہ میرے نام منتقل کر دیا جائے دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ مکرم رشید احمد صاحب۔ خاوند
2۔ مکرم جاوید اقبال صاحب۔ بیٹا
3۔ مکرم ندیم قمر صاحب۔ بیٹا
4۔ مکرم محمد عمران صاحب۔ بیٹا
5۔ مکرم عمامہ شہزاد صاحب۔ بیٹا
6۔ مکرمہ ثمینہ یاسمین صاحبہ۔ بیٹی

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اگر اس منتقلی پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

رسول اللہ ﷺ کے عاشق اور فدائی حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ

جن کی قابل رشک اداؤں پر آسمان کا خدا بھی مسکراتا رہا

مکرم حافظ مظفر احمد صاحب

نام و کنیت

آپ کا نام زید بن سہل تھا، مدینہ کے قبیلہ خزرج کی شاخ بنونجار سے تعلق تھا، نام سے زیادہ کنیت ابوطلحہ سے مشہور ہیں۔ آپ مدینہ کے رؤسا میں سے تھے۔ زبردست تیرانداز، ماہر شکاری اور بہت بہادر انسان تھے۔ مشہور انصاری خاتون ام سلیم بنت ملحان کے شوہر تھے۔ (الاصابہ فی تمییز الصحابہ زیر زید بن سہل)

قبول اسلام

آپ کے قبول اسلام کا واقعہ بھی بہت دلچسپ ہے جب مدینہ میں اسلام کا پیغام پہنچا تو ام سلیم نے جو مدینہ کی معزز اور عقلمند خاتون تھیں بے دھڑک اسلام قبول کرلیا۔ ان کے شوہر مالک اس پر ناراض ہوکر مدینہ سے چلے گئے۔ کچھ عرصہ بعد ابوطلحہؓ نے ام سلیم کو شادی کا پیغام بھیجا۔ ام سلیمؓ نے یہ جواب دیا کہ ہرچند کہ ابوطلحہ جیسے عظیم انسان کا پیغام رد نہیں کیا جاسکتا مگر ہمارے درمیان کفر و اسلام کا اختلاف ہے اور یہ امر مجھے شادی میں مانع ہے۔ البتہ اگر ابوطلحہ اسلام قبول کرلے تو میں اس کی خوشی میں اپنا مہر چھوڑ دوں گی اور ابوطلحہ کے قبول اسلام کو ہی اپنا مہر سمجھوں گی۔ چنانچہ ابوطلحہ نے اسلام قبول کرکے ام سلیم سے شادی کرلی۔ حضرت ثابتؓ کہا کرتے تھے کہ میں نے آج تک کسی عورت کے بارہ میں نہیں سنا کہ اس کا مہر ایسا قابل اعزاز ہو جیسا کہ ام سلیمؓ کا مہر تھا۔ (نسائی کتاب النکاح)

دین کی خاطر کی جانے والی یہ شادی بہت بابرکت ثابت ہوئی اور اس گھرانے نے اخلاص اور ایمان میں ایک غیر معمولی ترقی کی اور میاں بیوی اسلامی خدمات میں ایک دوسرے سے سبقت لینے لگے۔ ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے ساتھ اخلاص اور فدائیت کے عجیب اور حیرت انگیز نمونے ان سے دیکھنے میں آئے اور ایسی بے تکلفی اس گھرانے کے ساتھ ہوئی کہ آنحضرت ﷺ ان کے گھر کو اپنا گھر سمجھتے تھے اور اپنی ذاتی ضروریات کے لئے بلاتردد انہیں یاد فرمایا کرتے تھے۔

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب مدینہ تشریف لائے تو ابوطلحہ کو فرمایا کہ اپنے بچوں میں سے کوئی ایسا مناسب بچہ تلاش کرو جو ہمارے گھر کے کام کاج کردیا کرے۔ ابوطلحہؓ نے مجھے اپنی سواری کے پیچھے بٹھایا اور نبی کریم ﷺ کی خدمت میں پیش کرکے عرض کیا کہ یارسول اللہ انس بہت سمجھدار لڑکا ہے یہ آپ کے کام کاج سنبھال لے گا۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ اس وقت سے مجھے نبی کریم ﷺ کی خدمت کرنے کی سعادت نصیب ہوئی اور غزوہ خیبر سے واپسی تک میں یہ خدمت انجام دیتا رہا۔

(بخاری کتاب الوصایا)

نبی کریم ﷺ کے اس خاندان سے بہت گہرے قربت و محبت کے مراسم قائم ہوئے۔ ابوطلحہؓ اور ام سلیمؓ دونوں میاں بیوی دل و جان سے اپنے آقا و مولا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر فدا تھے۔ اور آپ کی خدمات میں پیش پیش رہتے تھے۔ آنحضرت ﷺ کے گھر شادی وغیرہ کے موقع پر درون خانہ انتظام و انصرام ام سلیم اپنے ذمہ لے لیتی تھیں۔ حضرت صفیہؓ کی شادی کے موقع پر بھی انہیں تیار کرنے کی خدمت ام سلیم بجالائیں۔

(ابوداؤد کتاب الامارہ)

حضرت ام سلیم نے حضرت زینبؓ کی شادی کے موقع پر دعوت ولیمہ کے لئے کھانا وغیرہ بطور تحفہ اپنے گھر سے تیار کرکے بھجوایا۔ (بخاری کتاب النکاح)

حضرت ابوطلحہؓ بھی اپنی مخلص اور فدائی بیوی کی طرح ہر دم ہر قربانی کے لئے مستعد ہوتے تھے اور عرض کیا کرتے تھے کہ اے خدا کے رسولؐ اپنی ضروریات و حاجات کے سلسلہ میں مجھے خدمت کا موقع عطا فرمایا کریں اور جو حکم چاہیں ارشاد فرمایا کریں۔ آپ مجھے ہر خدمت کے لئے مضبوط اور قوی پائیں گے۔

(طبقات الکبریٰ ابن سعد جلد 3 ص 507 دارالفکر بیروت)

رسول اللہ ﷺ کی شفقتیں

چنانچہ بعض ہنگامی ضروریات میں رسول اللہ ﷺ اس خاندان سے استفادہ کرتے تھے۔ ایک دفعہ مدینہ میں رات کو اچانک کچھ شور و غوغا بلند ہوا۔ اس زمانہ میں دشمن سے بھی خطرات درپیش تھے۔ نبی کریم ﷺ نے مدینہ کے گردونواح کا فوری جائزہ لینے کا ارادہ فرمایا اور ابوطلحہ کے گھر جاکر ان کا گھوڑا مندوب نامی عاریۃً لیا، جلدی کے باعث اس کی ننگی پشت پر زین ڈالنے کی زحمت بھی گوارا نہیں فرمائی۔ واپس آکر فرمایا کہ خطرے کی کوئی بات نہیں۔ اور ابوطلحہؓ کے گھوڑے کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا کہ میں نے اسے بہنے والے دریا کی طرح تیز رفتار اور رواں پایا ہے۔

(بخاری کتاب الھبہ)

ابوطلحہؓ کا یہ گھوڑا اڑیل تھا مگر اس کے بعد نبی کریم ﷺ کی برکت سے ایسا ہوا کہ کوئی گھوڑا دوڑ میں اس کا مقابلہ نہ کرسکتا تھا (بخاری کتاب الجہاد)

نبی کریم ﷺ کی اس گھرانے سے ایسی بے تکلفی تھی کہ آپ گاہے بگاہے ان کے گھر تشریف لے جاتے تھے۔

ایک دفعہ ام سلیم نے نبی کریمؐ کی دعوت کی۔ کھانا تناول فرمانے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے بغرض دعا کچھ نوافل باجماعت پڑھائے۔ حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے اور ہمارے گھر کے ایک بچے نے آنحضرتؐ کے پیچھے صف بنائی اور ہماری بوڑھی والدہ پیچھے کھڑی ہوئیں۔ (ترمذی ابواب الصلوٰۃ)

ابوطلحہؓ کے بچوں سے نبی کریمؐ کا بے تکلفی، محبت و پیار کا عجیب تعلق تھا۔ ابوطلحہؓ کے ایک کمسن بیٹے کو اہل خانہ پیار سے ابوعمیر کی کنیت سے بلاتے تھے۔ ایک دفعہ نبی کریمؐ نے اس بچے کو پریشان دیکھا تو سبب پوچھا۔ گھر والوں نے بتایا کہ ابوعمیر کا وہ پرندہ اچانک مر گیا ہے جس سے یہ کھیلتا تھا اس لئے یہ غمزدہ ہے۔ نبی کریم ﷺ ابوعمیر سے اس پرندے کے بارہ میں پوچھ کر اس کا دل بہلانے لگے کہ اے ابوعمیر آپ کے پالتو پرندے کو کیا ہوا؟ بعد میں نبی کریم ﷺ اس خوش نصیب گھرانے کے اس بچے سے پیار و محبت سے اس کے پرندے کے بارے میں باتیں کیا کرتے۔

(الطبقات الکبریٰ ابن سعد جلد 3 ص 506 والشمائل النبویہ للترمذی)

حضرت ابوطلحہؓ کا کھجوروں کا ایک باغ بیرحاء نامی مسجد نبوی کے بالکل سامنے تھا نبی کریم ﷺ اس میں گاہے بگاہے تشریف لے جاتے تھے۔ کھجوریں تناول فرماتے۔ اس کے کنویں کا تازہ ٹھنڈا پانی پیتے۔

(بخاری کتاب التفسیر)

حضرت ابوطلحہؓ کو نبی کریمؐ کی محبت کا کمال عرفان عطا ہوا تھا جس کے نتیجہ میں ان سے عشق و وفا کے عجیب نظارے ظاہر ہوتے تھے۔

تبرکات نبوی

آپ کمال ادب اور شوق سے آنحضرتؐ کے تبرکات جمع کرنے کی سعی کرتے اور ان کی حفاظت فرماتے تھے۔ جب آنحضرتؐ بال کٹواتے تو ابوطلحہؓ وہ پہلے شخص تھے جو تبرک کی خاطر آپؐ کے بال حاصل کرتے تھے۔

(بخاری کتاب الوضو)

خود رسول اللہؐ کو ابوطلحہؓ کی اس خواہش اور تمنا کا احترام ہوتا تھا چنانچہ حجۃ الوداع کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے بال کٹوائے تو آدھے سر کے بال تو دیگر صحابہ نے لئے کسی کے حصہ میں ایک اور کسی کے دو بال آئے پھر رسول اللہؐ نے ابوطلحہؓ کو یاد فرمایا اور دوسرے نصف حصہ سر کے سارے بال ان کو عطا فرمائے۔

ابوطلحہؓ کے گھر میں یہ بال ام سلیمؓ نے شیشی میں محفوظ کرکے رکھے تھے جو دیر تک محفوظ رہے۔ اور پورا گھرانہ اس سے برکت حاصل کرتا رہا۔

(طبقات الکبریٰ ابن سعد جلد 3 ص 505)

حضرت ابوطلحہؓ نے رسول اللہ ﷺ کا ایک پیالہ بھی تبرکاً سنبھال کے رکھا ہوا تھا۔ جو شکستہ ہونے کے بعد لوہے کی تار سے جڑا تھا۔ حضرت انسؓ نے ایک دفعہ یہ خواہش ظاہر کی کہ لوہے کی تار کی بجائے سونے یا چاندی کی تار سے اس پیالے کا حلقہ باندھا جائے۔ حضرت ابوطلحہؓ نے یہ بھی گوارا نہ کیا اور انسؓ کو یہ کہہ کر روک دیا کہ نبی کریم ﷺ کی بنائی ہوئی چیز میں ہرگز کوئی تبدیلی نہیں کرنی۔ گویا اس متبرک پیالے کو ویسا ہی رہنے دو جیسا ہم نے نبی کریمؐ سے پایا۔ چنانچہ حضرت انسؓ نے ایسا ہی کیا۔ (بخاری کتاب الاشربہ)

مہمان نوازی

مدینہ کے ابتدائی دور کے کٹھن اور مشکل حالات میں رئیس مدینہ ابوطلحہؓ اور ان کے خانوادے نے جس طرح نبی کریم ﷺ کی تائید و نصرت کی توفیق پائی ہے وہ اپنی مثال آپ ہے، اسی پرآشوب دور کا تذکرہ ہے، ایک دن ابوطلحہ نے ام سلیم سے آکر کہا کہ میں نے رسول کریم ﷺ کی آواز میں ضعف محسوس کیا ہے جو مسلسل فاقہ کی وجہ سے معلوم ہوتا ہے کیا تمہارے پاس گھر میں کھانے کے لئے کچھ ہے؟ ام سلیم نے اثبات میں جواب دیا بلکہ جو کی کچھ روٹیاں ایک کپڑے میں لپیٹ کر آپ نے حضرت انسؓ کو رسول کریم ﷺ کے پاس بھجوایا۔ حضرت انس بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہؐ کے پاس مسجد نبوی میں حاضر ہوا آپؐ صحابہ کے ساتھ تشریف فرما تھے اور سامنے جاکر کھڑا ہوگیا۔ رسول اللہ ﷺ نے خود ہی استفسار فرمایا کہ کیا ابوطلحہؓ نے تمہیں کھانے کی کوئی چیز دے کر بھجوایا ہے۔ حضرت انسؓ نے عرض کیا جی رسول اللہ۔ رسول اللہؐ نے تمام حاضرین مجلس سے فرمایا چلو ابوطلحہ کے گھر چلیں میں نے آگے جاکر ابوطلحہؓ کو خبر کی کہ رسول اللہؐ صحابہ کے ساتھ تشریف لارہے ہیں۔ ابوطلحہ نے ام سلیم سے فکرمندی میں بات کی کہ رسول اللہؐ تو لوگوں کے ساتھ تشریف لارہے ہیں اور ہمارے پاس کھانا پیش کرنے کا مناسب انتظام نہیں ہے۔ ام سلیم نے کمال توکل سے جواب دیا کہ اللہ اور اس کا رسولؐ بہتر جانتے ہیں، تب ابوطلحہ رسول اللہؐ کے استقبال کے لئے گھر سے نکل کھڑے ہوئے اور نبی کریمؐ کو خود اپنے ساتھ لے کر آئے۔ نبی کریمؐ نے آتے ہی ام سلیم سے فرمایا کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ لے کر آؤ۔ ام سلیم وہی روٹیاں لے آئیں۔ رسول کریم ﷺ کے حکم پر ان روٹیوں کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کئے گئے اور ام سلیم نے اپنے ایک گھی کے برتن میں پڑا کچھ گھی نکال کر ان پر ڈالا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اس پر دعا کی اور فرمایا کہ دس دس کرکے صحابہ اندر آتے جائیں اور کھانا کھاتے جائیں۔ اس طرح موجود تمام حاضرین نے کھانا تناول کیا جن کی تعداد ستر اسی کے قریب تھی۔ (بخاری کتاب الاطعمہ)

اس واقعہ سے جہاں ابوطلحہؓ کی محبت و ادب رسولؐ اور ام سلیم کے توکل علی اللہ کا اندازہ ہوتا ہے وہاں نبی کریم ﷺ کی سیرت کا یہ خوبصورت پہلو بھی سامنے آتا ہے کہ فاقہ کی حالت میں بھی تنہا کھانا کھانا پسند نہیں فرمایا جب تک اپنے فاقہ زدہ غلاموں کو بھی ساتھ شامل نہ کرلیا اور ابوطلحہؓ کے چند روٹیاں بھجوانے کا ایسا لحاظ کیا کہ ان کے گھر تشریف لے جا کر انہی روٹیوں سے نہ صرف تمام صحابہ کی مہمان نوازی کروائی بلکہ سب کو ابوطلحہ کے لئے دعاؤں کا موقع بھی بہم پہنچایا اور یوں صحابہ کے مابین اخوت و مودت کی ایک خوشگوار فضا قائم فرمائی۔

ایثار

ابوطلحہ اور ان کے خاندان کو ایسی مہمان نوازی کی سعادت ان کے ایثار اور اہل خانہ کے خلوص کے باعث میسر آتی ہی رہتی تھی۔ چنانچہ ایک اور موقع پر نبی کریم ﷺ کے پاس ایک مہمان آیا آپ نے سب سے پہلے تو اپنے گھر ازواج مطہرات کے ہاں پیغام بھجوایا کہ مہمان نوازی کا کچھ انتظام کریں۔ اتفاق سے اس تنگی اور فاقہ کے زمانہ میں کسی گھر سے بھی کچھ میسر نہ آیا۔ اس کے باوجود نبی کریم ﷺ نے اکرام ضیف کا بندوبست کرنے کے لئے صحابہ کو تحریک فرمائی کہ کون اس مہمان کو اپنے گھر لے جا کر خاطر تواضع کرسکتا ہے۔ حضرت ابوطلحہ نے بخوشی اس کی حامی بھرلی اور گھر جا کر اپنی اہلیہ سے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کا مہمان آیا ہے اس کی ضیافت کا اہتمام کریں۔ انہوں نے اپنی بے چارگی کا ذکر کیا کہ گھر میں تو صرف بچوں کے لئے معمولی سا کھانا ہے۔ لیکن ان ایثار پیشہ میاں بیوی نے یہ خوبصورت تدبیر کی کہ بچوں کو بھوکے سلا دیا جائے اور کھانا تیار کر کے مہمان کی خدمت میں پیش کیا جائے چنانچہ ایسا ہی ہوا اور عین کھانے کے وقت گھر کی مالکہ چراغ درست کرنے کے بہانے اٹھیں اور اسے گل کردیا تا کہ رسول اللہ ﷺ کا مہمان پیٹ بھر کر کھانا کھالے اور اس طرح خود میزبان کھانے میں عملاً شریک نہ ہوئے مگر مہمان کے اعزاز اکرام کی خاطر ظاہر یہی کرتے رہے کہ گویا وہ کھانے میں شریک ہیں۔ اور خالی منہ ہلاتے ہوئے مچاکے لیتے رہے اور رات فاقہ سے گزاری اور رسول اللہؐ کے مہمان کی مہمان نوازی میں فرق نہ آنے دیا۔ صبح جب ابوطلحہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے فرمایا کہ رات مہمان کے ساتھ جو سلوک تم لوگوں نے کیا خدا تعالیٰ بھی اس پر خوش ہو کر مسکرا رہا تھا اور تمہاری یہ ادائیں اسے بہت پسند آئیں۔ صحابہؓ رسولؐ کے ایثار کا یہی وہ مضمون ہے جو قرآن شریف میں سورۃ الحشر آیت 10 میں بیان ہوا ہے یعنی خدا کے وہ مومن بندے اپنے نفسوں پر اپنے بھائیوں کو ترجیح دیتے ہیں۔ خواہ خود تنگی سے کیوں نہ ہوں۔ (بخاری کتاب المناقب)

صبر و رضا

حضرت ابوطلحہ اور ان کی اہلیہ صبر و رضا کے بھی پیکر تھے اور اس میدان میں بعض ایسے عجیب نمونے صبر کے میاں بیوی سے ظاہر ہوئے کہ عام حالات میں ان پر یقین کرنا ممکن نظر نہیں آتا مگر فی الحقیقت ایسے واقعات رونما ہوئے۔ چنانچہ ایک دفعہ حضرت ابوطلحہ کا بیٹا شدید بیمار تھا انہیں گھر سے باہر کسی کام سے جانا پڑا۔ دریں اثناء بچہ بقضائے الٰہی فوت ہوگیا۔ رات گئے واپس آکر ابوطلحہ نے بچے کا حال پوچھا۔ آپ کی اہلیہ ام سلیم نے کمال صبر و رضا کے ساتھ یہ ذومعنی جواب دیا کہ بچہ پرسکون ہے اور مجھے امید ہے کہ اسے مکمل آرام ہے۔ حضرت ابوطلحہ نے اس سے ظاہری صحت کا مفہوم مراد لیا اور میاں بیوی نے خلوت میں رات بسر کی۔ ابوطلحہ اگلی صبح جب نماز کے لئے مسجد نبوی جانے لگے تو ام سلیم نے کہا کہ دراصل اللہ تعالیٰ نے اپنی امانت ہم سے واپس لے لی ہے اور بچہ کے پرسکون ہونے سے میری یہی مراد تھی ابوطلحہ اس پر بہت تلملائے اور نبی کریمؐ کی خدمت میں جا کر شکایتاً عرض کیا کہ ام سلیم نے میرے ساتھ یہ معاملہ کیا ہے۔ رسول کریمؐ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے آج رات کے ملاپ میں برکت ڈالے گا، چنانچہ حضرت ام سلیم کے صبر و رضا کی یہ ادا اللہ تعالیٰ کے ہاں ایسی مقبول ٹھہری اور ان کی اولاد میں ایسی برکت پڑی کہ دس بیٹے ہوئے اور سب کے سب قرآن کے حافظ تھے۔ (بخاری کتاب الادب)

نبی کریم ﷺ کو ابوطلحہ اور ان کی قوم سے جو محبت و الفت تھی اس کا اندازہ اس پیغام سے خوب ہوتا ہے جو حضور ﷺ نے بوقت وفات ابوطلحہ کو دیا فرمایا اپنی قوم کو میرا اسلام پہنچانا بلا شبہ آپ کی قوم مجسم صبر و رضا ہے۔ (آنحضورؐ نے عنان صبر یعنی صبر کی لگام میں کے الفاظ استعمال کئے۔ یعنی انصار ایسی قوم ہے کہ جہاں روکو رک جاتے ہیں صبر جمیل کی اس سے اعلیٰ تصویر کشی اور کیا ہوسکتی ہے) (اسد الغابہ زیر زید بن سہل)

مالی قربانی

حضرت ابوطلحہؓ مدینہ کے مالدار رئیس تھے مالی قربانی کے میدان میں بھی آپ کسی سے پیچھے نہ تھے بلکہ قربانی کا اعلیٰ ذوق تھا۔ چنانچہ بعض ایسی تاریخی اور مثالی قربانیوں کی توفیق آپ نے پائی ہے جو ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

مسجد نبوی کے سامنے حضرت ابوطلحہؓ کا کھجوروں کا ایک قیمتی باغ تھا جو "بیرحاء" کے نام سے مشہور تھا نبی کریم ﷺ اس باغ میں تشریف لے جا کر گاہے آرام فرماتے اور اس کے پھل اور تازہ پانی سے لطف اندوز ہوتے جب قرآن شریف کی یہ آیت اتری (آل عمران: 93) کہ کامل نیکی یہ ہے کہ تم وہ چیز خرچ کرو جو تمہیں زیادہ دل پسند اور محبوب ہے۔ حضرت ابوطلحہؓ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ مالی قربانی کے بارہ میں یہ ہدایت دیتا ہے اور میرا سب سے قیمتی اور پیارا باغ "بیرحاء" ہے۔ آج میں یہ باغ اللہ کے نام پر صدقہ کرتا ہوں۔ اور خدا سے اس کے اجر و ثواب کا امیدوار ہوں۔ آپ جیسے پسند فرمائیں اسے استعمال میں لائیں۔ رسول کریم ﷺ اس عظیم قربانی پر بہت خوش ہوئے اور ابوطلحہ سے فرمایا کہ واہ واہ! یہ تو بہت نفع بخش سودا ہے۔ پھر حضور ﷺ نے وہ باغ ابوطلحہؓ کے غریب رشتہ داروں میں تقسیم کروادیا۔ فرمایا ہم نے یہ صدقہ قبول کیا۔ اب آپ اپنے مستحق رشتہ داروں میں تقسیم کردیں۔ (بخاری کتاب الزکوٰۃ و کتاب الوصایا)

اطاعت رسولؐ

حضرت ابوطلحہؓ نے اطاعت رسولؐ کے میدان میں بھی ایسے بے نظیر نمونے چھوڑے ہیں۔ جو تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف میں لکھے جائیں گے۔ ایسی ناقابل فراموش مثالیں سچے عشق کے بغیر ممکن نہیں، چنانچہ شراب کی حرمت سے پہلے کا واقعہ ہے حضرت ابوطلحہ کے گھر میں ان کے ہم جلیسوں کی ایک محفل جمی ہوئی تھی اور مہمانوں کی تواضع کے لئے شراب بھی پیش کی جارہی تھی کہ دریں اثناء مدینہ کی گلیوں میں ایک منادی کرنے والا یہ اعلان کرتا سنائی دیا کہ اے لوگو! سنو شراب حرام کردی گئی ہے۔ اس اعلان کا سننا تھا کہ ابوطلحہؓ نے اس نوجوان کو جو شراب کے جام تقسیم کررہا تھا حکم دیا کہ شراب کے مٹکے توڑ دو اور ساری شراب بہا دو اور اس نوجوان نے بھی فوری تعمیل کی اور چند لمحوں میں مدینے کے گلی کوچوں میں یہ شراب بہہ رہی تھی اور طرفہ یہ کہ اعلان کرنے والے سے ہرگز پلٹ کر کوئی سوال تک نہیں کیا گیا اور بے چون و چرا اس اعلان کی تعمیل کردی گئی۔ (بخاری کتاب التفسیر سورۃ المائدہ)

شراب کے جام لنڈھائے جارہے ہوں اور اس حال میں بھی اطاعت کا ایسا نمونہ کہ محض ایک اعلان کرنے والے کے اعلان پر شراب کے مٹکے توڑ کر بہا دیئے جائیں اور کسی قسم کی تصدیق و تحقیق کرنے کی بجائے تعمیل حکم کو اولیت دی جائے اطاعت کی یہ ادائیں صرف اور صرف حضرت محمد مصطفی ﷺ کے تربیت یافتہ غلاموں میں ہی نظر آتی ہیں۔

غزوات میں شرکت

حضرت ابوطلحہؓ نبی کریم ﷺ کے ساتھ مختلف غزوات میں شریک ہو کر شجاعت اور ایثار و فدائیت کے مظاہرے کرتے رہے۔ غزوہ بدر میں بھی آپ شریک تھے۔ آپ خود بیان کیا کرتے تھے کہ جنگ بدر میں اسلامی لشکر کفار مکہ کے بالمقابل صف آراء تھا اور مسلمانوں کو تازہ دم کرنے اور ان کے آرام و تسکین کے لئے عارضی طور پر ان پر نیند کے غالب آنے کا جو نشان عطا کیا گیا جس کا سورہ انفال کی آیات میں ذکر ہے۔ آپ اس الٰہی نشان کے بذات خود شاہد تھے۔

چنانچہ میدان بدر میں آپ کے ہاتھ سے اونگھ آجانے کے باعث تلوار گر گر جاتی تھی۔ آپ پھر پکڑتے تھے اور وہ پھر گرتی تھی۔ (بخاری کتاب المغازی)

ابوطلحہؓ زبردست جنگجو تھے بلند آواز رکھتے تھے اور میدان جنگ میں شیر کی طرح گرج کر دشمن پر حملہ آور ہوتے تھے۔ نبی کریم ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ لشکر میں تنہا ابوطلحہؓ کی آواز ایک جماعت کی آواز پر بھی بھاری ہوتی ہے۔ (الاصابہ فی تمییز الصحابہ زیر زید بن سہل)

غزوہ احد میں فدائیت اور جان نثاری

معرکہ احد میں بھی حضرت ابوطلحہؓ نے شجاعت و بہادری کے خوب خوب جوہر دکھائے۔ اور جان ہتھیلی پر رکھ کر رسول کریم ﷺ کی حفاظت کا حق ادا کردکھایا۔

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ احد کے دن جب (کفار کے غیر متوقع حملہ سے) مسلمانوں کی پسپائی ہوئی اور (ایک وقت میں) نبی کریم ﷺ (چند صحابہ کے ساتھ) میدان میں رہ گئے۔ اس وقت ابوطلحہؓ نبی کریم ﷺ کے آگے ڈھال لے کر کھڑے ہوگئے۔ کفار کے تیروں اور نیزوں کا واحد نشانہ رسول اللہؐ تھے اور ابوطلحہؓ آپ کے آگے سینہ سپر تھے۔ آپ زبردست تیرانداز تھے، بدر کے دن اس مرد میدان نے ایسی بلا کی تیراندازی کی کہ دو تین کمانیں توڑ ڈالیں۔ ایک شخص کے پاس تیروں کا تھیلا ہوتا تھا (اس کی ڈیوٹی تیراندازوں کو تیر مہیا کرنا تھی) نبی کریم ﷺ اسے فرماتے تھے کہ ابوطلحہؓ کے آگے تیر ڈال دو اور پھر جب ابوطلحہؓ نشانہ باندھ کر تیر چلاتے تو رسول اللہؐ کی نظریں اس کا تعاقب کرتیں اور آپ سر اٹھا کر دیکھنا چاہتے کہ اس مجاہد کا تیر دشمن کی صفوں میں کہاں جاکے پڑا ہے۔ ابوطلحہؓ (جنہیں اپنے سے زیادہ اپنے آقا کی جان عزیز تھی) نہایت ادب اور محبت سے عرض کرتے میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں اور آپ یوں سر اٹھا کے نہ دیکھا کیجئے کہیں دشمن کا کوئی تیر میرے آقا کو گزند نہ پہنچائے اے اللہ کے رسول! میں جو آپ کے آگے سینہ سپر ہوں، میرا سینہ آپ کی طرف پھینکے گئے ہر تیر کو کھانے کے لئے تیار ہے۔ (بخاری کتاب المناقب)

ایک وضاحت

خوش نصیب ابوطلحہؓ انصاری کے ساتھ میدان احد میں ہی ایک اور بزرگ جان نثار صحابی (جو قریش مہاجرین میں سے تھے) حضرت طلحہؓ بن عبید اللہ کو بھی نبی کریم ﷺ کے آگے پیچھے لڑنے اور کمال فدائیت سے آپ کا دفاع کرنے کی سعادت عطا ہوئی۔ وہی طلحہؓ جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے چہرہ کی حفاظت کے لئے اپنا ہاتھ بطور ڈھال تیروں کے آگے کردیا تھا اور آپ کی انگلیاں شل ہو کر ہاتھ ٹنڈا ہوگیا تھا۔

(الطبقات الکبریٰ ابن سعد جلد 3 ص 217 دارالفکر بیروت)

نام اور خدمت کی مناسبت و مشابہت کے باعث بعض دفعہ ابوطلحہؓ (انصاری) اور طلحہؓ بن عبید اللہ (قریشی) میں امتیاز نہیں رہتا اور تشابہ پیدا ہو جاتا ہے اس لئے یہ فرق مدنظر رکھنا ضروری ہے۔

غزوہ خیبر

رسول اللہؐ کا یہ جان نثار اور فدائی ابوطلحہؓ غزوہ خیبر میں بھی اپنے آقا کے ہمرکاب تھا اور رسول اللہؐ کے قرب میں رہ کر خدمات کی سعادت پاتا رہا۔ حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ میں ابوطلحہؓ کی سواری پر ان کے پیچھے سوار تھا اور جب ہم خیبر پہنچے تو ابوطلحہؓ کی سواری رسولؐ اللہ کی سواری کے اس قدر قریب تھی کہ میرے گھٹنے نبی کریمؐ کی رانوں سے چھو رہے تھے۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 4 ص 102 دارالفکر العربی بیروت)

غزوہ خیبر سے واپسی پر بھی ابوطلحہؓ رسول کریمؐ کی حفاظت کے خیال سے قدم بقدم آپ کے ساتھ رہے چنانچہ ایک موقع پر جب نبی کریمؐ کی وہ اونٹنی ٹھوکر لگنے سے گری جس پر رسول اللہؐ کے ساتھ ام المومنین حضرت صفیہؓ بھی سوار تھیں اور رسول اللہؐ کے ساتھ وہ بھی گر پڑیں تو باوفا ابوطلحہؓ نے دیوانہ وار اپنے اونٹ سے چھلانگ لگادی اور لپک کر رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا۔

میرے آقا! میں آپ پر قربان آپ کو کوئی گزند تو نہیں پہنچی۔ کوئی چوٹ تو نہیں آئی۔ آپؐ نے فرمایا نہیں مگر تم پہلے عورت یعنی حضرت صفیہؓ کی خبر گیری کرو۔ ابوطلحہؓ نے کمال حیاداری کے ساتھ پہلے اپنے چہرہ پر کپڑا ڈال کر پردہ کیا تب ام المومنین کی طرف رخ کیا اور پھر وہ کپڑا انہیں اوڑھا دیا۔ اور حضرت صفیہؓ اطمینان سے اٹھ کر سنبھل گئیں۔ ابوطلحہؓ نے دریں اثناء رسول اللہؐ کی اونٹنی کا پالان مضبوطی سے باندھا اور پھر رسول اللہؐ کو اور حضرت صفیہؓ کو سوار کروا کے روانہ کیا۔ (بخاری کتاب الجہاد)

فتح مکہ و حنین

فتح مکہ اور غزوہ حنین کے تاریخی معرکوں میں بھی حضرت ابوطلحہؓ شریک ہوئے۔

حنین کے موقع پر آپ کی زوجہ حضرت ام سلیم اپنے پاس ایک خنجر لئے شریک سفر تھیں۔ حضرت ابوطلحہؓ نے ازراہ تفنن نبی کریم ﷺ سے اس کا ذکر کردیا کہ یارسول اللہ ام سلیم بھی کمر بند میں خنجر اڑسے پھرتی ہیں۔ نبی کریمؐ نے ان سے پوچھا کہ آپ اس خنجر کو کیا کریں گی؟ وہ بولیں اگر کوئی دشمن رسول میرے قریب آیا تو اسے ٹھکانے لگاؤں گی۔

(مسند احمد جلد 3 ص 112 دارالفکر العربی بیروت)

حنین کے موقع پر بھی آپ نے شجاعت کے خوب جوہر دکھائے۔ نبی کریمؐ نے اعلان فرمایا تھا کہ جو مجاہد کسی کافر کو قتل کرے گا اس کا اسلحہ اور سواری بطور مال غنیمت اسے ملے گا۔ ابوطلحہؓ کے ہاتھوں اس روز بیس دشمنان اسلام قتل ہوکر کیفر کردار کو پہنچے۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 3 ص 114 دارالفکر العربی بیروت)

ابوطلحہؓ کی ایک اور سعادت

رسول کریم ﷺ کی وفات پر تدفین کے لئے جب یہ سوال پیدا ہوا کہ لحد بنائی جائے یا سیدھی قبر ہو تو حضرت عباسؓ نے یہ معاملہ منشاء الٰہی کے حوالے کرتے ہوئے دو آدمی بیک وقت دونوں قسم کی قبر بنانے والوں کی طرف دوڑا دیئے۔ ابوعبیدہؓ سیدھی قبر بناتے تھے جسے شق کہتے ہیں۔ ان کی طرف جو قاصد گیا وہ اسے مل نہ سکے۔ ابوطلحہؓ لحد بناتے تھے ان کی طرف بھیجا ہوا آدمی کامیاب واپس لوٹا اور ابوطلحہؓ کو ہمراہ لایا چنانچہ نبی کریم ﷺ کی لحد بنانے کی سعادت بھی ابوطلحہؓ کے حصہ میں آئی۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 4 ص 260 دارالفکر بیروت)

اور یوں عمر بھر ذاتی خدمات بجالانے والے ابوطلحہؓ کو اس آخری خدمت کی بھی توفیق ملی۔

شوق جہاد

نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد بھی بڑھاپے کی عمر میں جذبہ وشوق جہاد سرد نہیں ہوا۔ چنانچہ خلافت ابوبکرؓ وعمرؓ میں بھی جہاد کی توفیق پاتے رہے بلکہ حضرت عثمانؓ کے زمانہ میں جب پہلا اسلامی بحری بیڑہ مہم پر روانہ ہونے لگا تو حضرت ابوطلحہؓ نے اس میں شرکت کی خواہش کی اور گھر والوں کو اس کے لئے اس طرح آمادہ کیا کہ دیکھو قرآن میں انفروا خفافا و ثقالاً و جاھدوا (التوبہ:41) کا حکم ہے یعنی جہاد کے لئے ہلکے اور بوجھل ہر حال میں نکلو اور جہاد کرو آپ فرماتے تھے کہ اس آیت میں بوڑھوں اور جوانوں دونوں کے لئے حکم ہے کہ جہاد کے لئے نکلیں آپ کے بیٹوں نے کہا آپ کو تو رسول اللہ ﷺ اور پھر ابوبکرؓ وعمرؓ کے زمانہ میں جہاد کی سعادت عطا ہوئی۔ اب ہم جو آپ کی طرف سے یہ فرض ادا کرنے کے لئے حاضر ہیں۔ مگر انہوں نے اصرار کرکے اس بحری سفر پر جانے کے لئے تیاری کی اور روانہ ہوئے۔ اس سفر میں آپ کی وفات ہوگئی۔ دوران سفر ساتویں دن ایک جزیرہ کے پاس بحری بیڑہ آکر رکا تو وہاں آپ کو دفن کیا گیا اور اس عرصہ میں آپ کی نعش بالکل محفوظ رہی اور اس میں کوئی خرابی پیدا نہیں ہوئی۔

آپ کی وفات 34ھ میں ہوئی اور حضرت عثمانؓ نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔

(طبقات الکبریٰ ابن سعد جلد 3 ص 507 دارالفکر۔ بیروت)

حضرت ابوطلحہؓ کو اگرچہ رسول کریم ﷺ کی صحبت ورفاقت میں ایک لمبا عرصہ گزارنے کی سعادت عطا ہوئی مگر اپنی تواضع اور انکساری نیز احادیث کے بیان میں احتیاط کے باعث آپ کی روایات بہت کم ہیں اور جو روایات ہیں وہ آپ کی گہری دینی بصیرت اور عمدہ مذاق معتدل مزاج کو ظاہر کرتی ہیں، ایک اہم روایت دین اسلام کی طبعی سہولت اور نرمی سے تعلق رکھتی ہے جس میں قرآن شریف کی صحت کے ساتھ تلاوت میں شدت اور سختی اختیار کرکے اسے مشکل بنانے کی بجائے ایک بنیادی عمومی اصول مدنظر رکھنے کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ ابوطلحہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت عمرؓ کے سامنے قرآن شریف کی قراءت میں کچھ تغیر کیا، حضرت عمرؓ نے کہا کہ میں نے تو نبی کریم ﷺ کے سامنے یہ تلاوت اس طرح کی تھی جو قدرے مختلف تھی، ابوطلحہؓ کہتے ہیں اس کے بعد ہم رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس شخص نے قراءت کی تو نبی کریمؐ نے (اس شخص کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے) فرمایا کہ تم نے درست تلاوت کی ہے۔ حضرت عمرؓ کو اس سے ناگواری ہوئی (کیونکہ ان کے اعلیٰ معیار پر وہ قراءت پوری نہیں اتری تھی) تب آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اے عمر! قرآن شریف کی ہر قراءت درست ہے جب تک یہ بنیادی بات مدنظر رہے کہ اس میں معنوی تبدیلی نہ ہو اور معنے ایسے الٹ پلٹ نہ ہوجائیں کہ عذاب کی جگہ مغفرت وبخشش کا مضمون اور بخشش کی جگہ عذاب کا مضمون بنادیا جائے۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 4 ص 30 دارالفکر العربی۔ بیروت)

دوسری روایت کا تعلق بھی اس عاشق رسول کے نبی کریم ﷺ کے ساتھ اس قلبی لگاؤ اور محبت سے ہے جو آپ کی طبیعت کا حصہ تھا۔ آپ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ بہت ہشاش بشاش تھے۔ چہرے سے خوشی کے آثار ہویدا تھے، صحابہ نے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول آج خاص بشاشت اور مسرت کے آثار نمایاں ہیں؟

فرمایا ہاں میرے رب کی طرف سے ایک آنے والے نے آکر مجھے یہ خوشخبری سنائی ہے کہ آپ کی امت میں سے آپؐ پر اگر کوئی ایک دفعہ درود بھیجے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی دس نیکیاں شمار کرے گا اور دس خطائیں معاف کرے گا اور اس کے دس درجے بلند کئے جائیں گے اور مزید یہ کہ اسی طرح رحمتیں اور برکتیں اس کی طرف بھی لوٹائی جائیں گی۔

(مسند احمد بن حنبل جلد 4 ص 29 دارالفکر العربی بیروت)

اللہ تعالیٰ کی بے شمار رحمتیں اور برکتیں ہوں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر اور آپ کی آل پر اور آپ کے اس خاص رفیق حضرت ابوطلحہؓ پر اور ان کے نیک نمونوں کی یادیں ہم زندہ رکھنے والے ہوں۔ (آمین)

فرخ سلمانی

حضرت مسیح موعود کی کتاب حقیقت المہدی کے اہم مضامین

مختصر سوال وجواب کی شکل میں

سوال۔ اس زمانہ میں اہل حدیث کا سرکردہ کون تھا۔

جواب۔ مولوی محمد حسین بٹالوی

سوال۔ اہل حدیث کس کو تیرھویں صدی کا مجدد مانتے ہیں۔

جواب۔ نواب صدیق حسن خان

سوال۔ نواب صدیق حسن اور اس کے بیٹے نورالحسن خان کی کن کتابوں سے حضور نے اقتباس پیش کئے ہیں۔

جواب۔ حجج الکرامہ۔ اقتراب الساعہ

سوال۔ صحاح ستہ کے کیا معنی ہیں۔

جواب۔ حدیث کی 6 صحیح مفسر کتابیں

سوال۔ ملاحم سے کیا مراد ہے۔

جواب۔ بڑی لڑائیاں

سوال۔ حدیث لا المہدی الا عیسیٰ حدیث کی کن دو مشہور کتب میں ہے۔

جواب۔ ابن ماجہ۔ مستدرک حاکم

سوال۔ مولوی محمد حسین بٹالوی کے رسالہ کا کیا نام تھا۔

جواب۔ اشاعت السنۃ

سوال۔ مولوی بٹالوی نے اپنے کس استاد کی تصدیق سے حضور کے خلاف فتویٰ کفر جاری کیا۔

جواب۔ مولوی نذیر حسین

سوال۔ آتھم کو رجوع کرنے کے بعد کتنے ماہ کی مہلت ملی۔

جواب۔ 15 ماہ۔

سوال۔ حضرت مسیح موعود نے کتنی پیشگوئیوں کے پورا ہونے کا ذکر کیا ہے۔

جواب۔ تین ہزار

سوال۔ حضور کے رویا میں پتھر حضور کی دعا سے کیا بن گیا۔

جواب۔ بھینس

سوال۔ مہدی کے متعلق اپنے عقائد کی نسبت حضور نے اشتہار کن دو زبانوں میں تحریر فرمایا۔

جواب۔ عربی، فارسی

سوال۔ بٹالوی نے حضور کو کس سربراہ حکومت کے نام پر قتل کی دھمکیاں دیں۔

جواب۔ امیر کابل

سوال۔ مہدی کے متعلق آنے والی حدیثوں پر کتنی قسم کے جرح ہوتے ہیں۔

جواب۔ تین

سوال۔ یضع الحرب کی حدیث کس کتاب میں ہے۔

جواب۔ صحیح بخاری

سوال۔ اہل حدیث کے عقیدوں کا ماخذ کس کتاب کی حدیثیں ہیں۔

جواب۔ مشکوٰۃ

سوال۔ کس مسلمان لیڈر نے مسلمانوں کو حکومت برطانیہ کے متعلق حضور کے طریق عمل پر چلنے کی نصیحت کی۔

جواب۔ سرسید احمد خان

سالانہ رپورٹ کارگزاری مجلس نابینا ربوہ

(یکم جولائی 2005ء تا 30 جون 2006ء)

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مجلس نابینا ربوہ 1987ء میں قائم ہوئی۔ جس کے قیام کا بنیادی مقصد احمدی نابینا احباب کی تعلیم وتربیت اور فلاح و بہبود تھا نیز ان کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا اور معاشرے کا فعال اور مفید وجود بنانا تھا۔ آنکھوں جیسی عظیم نعمت سے محروم ہونے اور دیگر اور بہت ساری مشکلات اور مسائل کے باوجود اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مجلس نابینا تمام مقاصد کے حصول میں بڑی کامیابی کے ساتھ اپنی منزل کی طرف گامزن ہے۔

مجلس نابینا ربوہ کی مساعی پر مبنی رپورٹس کا ایک حصہ گاہ بگاہ جماعتی وقومی اخبارات میں شائع ہوتا رہتا ہے۔ نیز ایم ٹی اے پر بھی بعض پروگرام نشر ہوتے رہتے ہیں۔ اس سال یکم جولائی 2005ء تا 30 جون 2006ء کے دوران مجلس کی مساعی اور کامیابیوں کی چند جھلکیاں پیش کی جارہی ہیں۔

☆ دوران سال اہم جماعتی تاریخی دنوں کی مناسبت سے 5 تقاریب منعقد کی گئیں۔ جن میں جلسہ سیرت النبی ﷺ، جلسہ یوم مسیح موعود، جلسہ یوم خلافت جلسہ یوم مصلح موعود اور عید ملن پارٹی شامل ہیں

☆ اسی طرح قومی تہواروں اور دنوں کی مناسبت سے 6 پروگرام منعقد کئے گئے۔ جن میں یوم پاکستان، یوم آزادی، یکم جنوری، یکم مئی، تین دسمبر اور یوم معذوران کے پروگرام قابل ذکر ہیں نیز 15۔اکتوبر کو سفید چھڑی کی مناسبت سے ایک خصوصی تقریب منعقد کی گئی۔ ان پروگراموں کی مناسبت سے علمی لیکچرز اور تقاریر کے علاوہ کھیلوں کا بھی انتظام کیا گیا۔

☆ مجلس نابینا ربوہ کے زیرانتظام دوران سال 4 مشاعرے منعقد کروائے گئے۔ اس طرح 6 تفریحی پروگرام منعقد کئے گئے۔

☆ ربوہ میں موجود بزرگان سلسلہ وعلماء کرام کے ساتھ 10 اجتماعی ملاقاتوں کے پروگرام عمل میں لائے گئے۔

5۔ مجلس کی طرف سے دوران سال روزنامہ الفضل میں 20 اعلانات رپورٹس شائع کروائی گئیں۔

☆ دوران سال حضور انور کی خدمت اقدس میں مجلس کی طرف سے 25 دعائیہ خطوط اور فیکسز ارسال کی گئیں جن کے حضور انور کی طرف سے انتہائی محبت اور پیار بھرے جوابات موصول ہوتے رہے۔

☆ مجلس کے زیرانتظام حضرت مسیح موعود کی ایک معرکۃ الآراء اور ضخیم کتاب ''ازالہ اوہام'' کو بریل رسم الخط میں منتقل کروایا گیا۔ حضرت مصلح موعود کی ایک روح پرور کتاب سیر روحانی کو آڈیو کیسٹ میں ریکارڈ کروایا جا رہا ہے۔ اللہ کے فضل سے اب تک 10 آڈیو کیسٹ ریکارڈ ہو چکی ہیں۔ علاوہ ازیں 11 متفرق موضوعات پر مبنی آڈیو کیسٹ ریکارڈ کروائی گئیں۔

☆ اراکین مجلس نابینا کو صد سالہ خلافت جوبلی منصوبہ کے تعلق میں حضور انور کی طرف سے مقرر کردہ دعائیں یاد کروائی گئیں اور اس روحانی پروگرام پر عملدرآمد کی تلقین وتحریک کی جاتی رہی۔

☆ اراکین مجلس کو کرسیاں اور چارپائیاں بننے کی ٹریننگ دی جاتی رہی۔ جس کے نتیجہ میں ایک رکن کرسی اور چارپائی بننے میں مہارت حاصل کر چکا ہے جبکہ تین اراکین کو ابھی کچھ مزید ٹریننگ کی ضرورت ہے۔

☆ مجلس نابینا ربوہ کی نمائندگی کرتے ہوئے انجمن پاکستان اتحاد نابینا فیصل آباد اور انجمن نابینا جھنگ کے سالانہ اجتماعات میں پچیس رکنی وفد شامل ہوئے نیز جھنگ کی مجلس عاملہ کی دوماہی میٹنگ میں دو رکنی وفد شامل ہوتا رہا۔ جس میں نابیناؤں کے رفاہی مسائل کو حل کروانے کے علاوہ دعوت الی اللہ کا بھی موقعہ ملتا رہا۔

☆ خلافت لائبریری کے بلائنڈ سیکشن سے روزانہ اوسطاً 7 اراکین استفادہ کرتے رہے۔ جبکہ مجلس نابینا کی ہفتہ وار میٹنگ میں اوسط حاضری 15 رہی۔

☆ اس طرح ضرورت مند اور مستحق اراکین کی مالی معاونت بھی کی جاتی رہی۔ اراکین مجلس کے بچوں کی 4 شادیوں کے مواقع پر 8000 روپے نقدی اور 6 سوٹ ان سلے کپڑوں کی صورت میں مدد کی گئی۔

☆ فضل عمر ہسپتال کے تعاون سے نابینا اراکین مجلس اور ان کے بیوی بچوں کا فری علاج کروانے میں مدد کی گئی۔ نیز مختلف تنظیموں سے آنے والے غیر احمدی نابینا کے علاج میں بھی مدد کی گئی۔

☆ اراکین مجلس کے دینی علمی اور جنرل نالج کے معیار کو بلند کرنے کیلئے دوران سال سہ ماہی نصاب مقرر کر کے باقاعدہ طور پر امتحان لیا جاتا رہا۔ اس طرح نابینا حضرات کے علمی معیار میں خاطر خواہ اضافہ ہوا۔ مجلس نابینا کے تعاون اور زیرنگرانی 5۔ اراکین مجلس کلاس پنجم تا ایم۔اے کی مختلف کلاسز میں زیرتعلیم ہیں۔ جن کی تعلیمی امداد و دیگر ضروریات کا مجلس خیال رکھتی ہے۔

☆ مجلس نابینا کی کوششوں سے ایک نابینا رکن مجلس کی شادی ہو چکی ہے نیز ایک رکن کا رشتہ طے ہو چکا ہے اور دیگر غیر شادی شدہ اراکین کے رشتوں کی کوشش کی جارہی ہے۔

رپورٹ تعلیمی وفنی کلاس

☆ رپورٹ کا آخری اور سب سے اہم حصہ مجلس نابینا ربوہ کے زیرانتظام منعقد ہونے والی پندرہ روزہ سالانہ تعلیمی وتربیتی وفنی کلاس نیز سالانہ علمی وورزشی مقابلہ جات ہیں جن کی مختصر رپورٹ درج ذیل ہے۔

یہ پندرہ روزہ علمی تربیتی وفنی کلاس مورخہ 17 جون تا 2 جولائی 2006ء منعقد ہوئی۔ اس کلاس کے دوران قرآن کریم کی 17 آیات، تین سورتیں 10 احادیث دعائے جنازہ، دعائے قنوت نیز متعدد مسنون اور قرآنی دعائیں باترجمہ یاد کروائی گئیں۔ دینی مسائل یاد کروائے گئے۔

حضرت مسیح موعود کے 10 اردو 5 عربی 2 پنجابی 2 فارسی اور 2 انگریزی الہامات زبانی یاد کروائے گئے۔

حضرت مسیح موعود اور خلفاء سلسلہ کے منظوم کلام سے 30 اردو، 5 عربی اور 3 فارسی زبان کے اشعار یاد کروائے گئے۔

بریل رسم الخط میں اردو، انگریزی اور عربی حروف تہجی لکھنا و پڑھنا سکھایا گیا۔

اعضائے انسانی، رشتوں اور جہتوں کے نام انگریزی اور عربی میں سکھائے گئے نیز ان کا جملوں میں استعمال سکھایا گیا۔

پانچ پانچ عربی، انگریزی اور اردو محاورے اور ان کا استعمال سکھایا گیا۔

روزانہ بزرگان سلسلہ کے متعدد علمی ومعلوماتی لیکچر کروائے گئے نیز بزرگان سلسلہ کے ساتھ تعارفی ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہا۔

بیوت الحمد پارک میں ایک پکنک منائی گئی نیز وہاں اراکین مجلس کے درمیان ورزشی مقابلہ جات کروائے گئے۔

دوران کلاس ایک مشاعرہ منعقد کیا گیا۔

مجلس کے اراکین کو کرسیاں اور چارپائیاں بننا سکھایا گیا۔

حضور انور کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھوائے گئے۔

ان پندرہ دنوں میں تمام اراکین حسب حالات بیوت الذکر میں باجماعت نماز ادا کرنے کی کوشش کرتے رہے۔

دوران کلاس تمام اراکین اجتماعی طور پر ایک روز بہشتی مقبرہ میں دعا کرنے گئے۔

کلاس کے آخر پر کلاس کے دوران پڑھائے گئے نصاب پر مبنی علمی مقابلہ جات کروائے گئے جس میں پوزیشن حاصل کرنے والوں کو انعامات دیئے گے۔

آخر پر تمام اراکین مجلس اپنے ان محسنوں اور کرم فرماؤں کا شکریہ ادا کرتے ہیں جن کا اس کلاس کے دوران یا دوران سال مالی لحاظ سے یا عملی لحاظ سے کسی بھی طرح مجلس کو تعاون حاصل رہا۔

(پروفیسر خلیل احمد: صدر مجلس نابینا ربوہ)

خالد سیف اللہ خان صاحب

پندرہ کروڑ سال سوئے رہنے کے بعد نئی زندگی پانے والا درخت

یہ بھی خدا کی قدرت کا ایک نمونہ ہے کہ ایک درخت کا ذرہ جو پندرہ کروڑ سال تک ایک پرندے کے پیٹ میں پڑا رہا۔ اب نئی زندگی پا کر ہزاروں ناظرین کے لئے حیرت و استعجاب کا موجب بنا ہوا ہے۔ اس کی خوابیدہ حالت اچانک حیات نو میں بدل چکی ہے۔

آج سے دس سال قبل سڈنی کے وولمی نیشنل پارک سے ایک سیاہ رنگ کا پتھر ملا۔ معائنہ سے پتہ چلا کہ وہ پندرہ کروڑ سال پرانے ایک پرندے کا متحجر ڈھانچہ تھا۔ اس کے پیٹ میں سے ایک چیڑ (Pine) کے درخت کا ایک ذرہ دستیاب ہوا جو کبھی اس نے کھایا ہوگا۔ پارک کے نام کی مناسبت سے اسے Wollemi Pine کا نام دیا گیا۔ اس ذرہ سے اس درخت کا DNA حاصل کیا گیا جو کروڑوں سال پہلے سڈنی کے شمال مغربی علاقہ میں ہوا کرتے تھے۔ مگر جن کی نوع کسی طبعی حادثہ کے نتیجہ میں ناپید ہو چکی ہے۔

یہ خبر دنیا بھر کے ماہرین نے بہت دلچسپی سے سنی اور وہ اس انتظار میں تھے کہ دیکھیں اس ناپید پودہ کو دوبارہ اگانے کا تجربہ کامیاب ہوتا ہے یا نہیں۔ پودہ کی افزائش کے لئے خاص ماحول تیار کیا گیا تھا۔ تجربہ کامیاب رہا اور اب یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آیا یہ پودہ دنیا کے آج کل کے ماحول میں زندہ رہتا ہے یا نہیں اس کو ٹرک پر لاد کر ادھر ادھر گھمایا پھرایا گیا۔ کبھی روشنی اور کبھی تاریکی میں بھی رکھا گیا۔ اب تک تو وہ پودہ دیکھنے کے لئے کثرت سے لوگ آتے ہیں۔ اب اسے امریکہ میں مسّوری، نیویارک اور واشنگٹن بھیجا جا رہا ہے اس سے پتہ لگے گا کہ وہ امریکہ کی آب وہوا میں کیسا پرورش پاتا ہے۔ بہت سے لوگوں کو اس عجوبہ کو اپنے گھروں میں اگانے کا شوق ہے۔ چنانچہ اس کے فی الحال 500 پودے تیار کئے جارہے ہیں جو اکتوبر 2005ء میں فروخت کئے جائیں گے۔

(ماخوذ از سڈنی مارننگ ہیرلڈ 7-9-2004)

بیداری پیدا ہوگئی

۞ مکرم غلام رسول صاحب اور رشید علی صاحب (وفد نمبر 5036) نے مجلس شریف آباد کنری ضلع عمر کوٹ میں وقف عارضی کی۔ وہ لکھتے ہیں کہ جماعت نے ہمارے ساتھ بہت تعاون کیا۔ پانچوں وقت کی نمازیں بیت الذکر میں پڑھائیں۔ 13 بچوں کو نماز سادہ اور قرآن باترجمہ سکھانا شروع کیا۔ اللہ کے فضل سے جماعت میں بیداری پیدا ہوگئی ہے۔

(قائد تعلیم القرآن ووقف عارضی مجلس انصاراللہ پاکستان)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 61249 میں محمد رضوان احمد

ولد محمد اعظم قوم سدھو پیشہ ملازمت عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-12-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/900 یورو ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد محمد رضوان احمد گواہ شد نمبر 1 محمد اعظم والد موصی گواہ شد نمبر 2 مظفر احمد شمس ولد مولوی احسان الحق

مسل نمبر 61250 میں حمید الدین صابر خان

ولد میاں شمس الدین خان قوم پٹھان پیشہ پنشنر عمر 67 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-12-6 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/600 یورو ماہوار بصورت سوشل مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ 06-1-1 سے منظور فرمائی جاوے۔العبد حمید الدین صابر خان گواہ شد نمبر 1 محمد عرفان شاکر ولد محمد رمضان مرحوم گواہ شد نمبر 2 اکرام اللہ چیمہ ولد چوہدری شرف دین

مسل نمبر 61251 میں امۃ الحسیب آصفہ

زوجہ شیخ خالد محمود قوم کھوکھر پیشہ خانہ داری عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 05-12-10 بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-12-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔طلائی زیور ساڑھے گیارہ تولے مالیتی -/4000 یورو۔اس وقت مجھے مبلغ -/100 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامۃ امۃ الحسیب آصفہ گواہ شد نمبر 1 محمد سلمان اختر ولد چوہدری ہدایت اللہ مرحوم گواہ شد نمبر 2 شفقت احمد ولد محمد سلیمان اختر

مسل نمبر 61252 میں شاہدہ پروین

Peggy Schwarz Kahloon

زوجہ غفار احمد کاہلوں پیشہ خانہ داری عمر 28 سال بیعت 1996ء ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-12-31 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔طلائی زیور 7-50 گرام مالیتی -/510 یورو۔ 2۔حق مہر ادا شدہ -/2500 مارک۔اس وقت مجھے مبلغ -/80 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد Peggy Schwarz Kahloon گواہ شد نمبر 1 غفار احمد کاہلوں خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 رشید احمد ولد احمد دین

مسل نمبر 61253 میں آمنہ کبیر الدین

زوجہ کبیر الدین قوم خان پیشہ خانہ داری عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-12-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔طلائی زیور 120 گرام مالیتی -/1440 یورو۔2۔حق مہر -/50000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/100 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامۃ آمنہ کبیر الدین گواہ شد نمبر 1 ارشاد احمد ولد فرزند علی گواہ شد نمبر 2 کبیر الدین خاوند موصیہ

مسل نمبر 61254 میں لقمان احمد

ولد ہدایت اللہ قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن جرمنی بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 05-12-9 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ترکہ والد مرحوم 14/ ایکڑ زمین واقع منشی والد اندازاً مالیتی 3 لاکھ روپے فی ایکڑ کا شرعی حصہ اس ترکہ میں ہم 4 بھائی دو بہنیں حصہ دار ہیں۔اس وقت مجھے مبلغ -/500 یورو ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔العبد لقمان احمد گواہ شد نمبر 1 محفوظ خان ولد ہدایت اللہ مرحوم گواہ شد نمبر 2 اعجاز احمد ولد محمد علی

مسل نمبر 61255 میں امۃ الشافی احمد

